An Garda Síochána

گاردا شیئوہانا*آن لائن رپورٹنگ برائے نفرت وحقارت کا*جرم کااعلان کرتے ہوئے خوشی محسوس کر رہی ہے۔www.garda.ie پر اس تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

اگر آپ نفرت وحقارت کے کسی ایسے جرم یا واقعہ کا شکار ہوئے ہیں یا عینی گواہ ہیں جس پرفوری توجہ کی ضرورت ہے، توفوری طور پر 999 یا 112 پر ڈائل کریں۔

نفرت وحقارت کے جرم سے ہماری کیا مراد ہے؟

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کو آپ کی متصورہ عمر،معذوری، نسل، رنگ، قومیت، مذہب، جنس یا جنسی سمت بندی کی بنیاد مجرمانہ جرائم کا شکار بنایا گیا ہے، مثلاً آپ پر حملہ کیا گیا ہے، ہراساں کیا گیا ہے یا نقص امن عامہ کا کوئی عمل کیا گیا ہے ،تو گاردا شیئوہانا کی تعریف کے مطابق یہ مجرمانہ جرم ہے۔ان کو تحفظ حاصل شدہ امتیازات کہا جاتاہے۔

نفرت وحقارت کے واقعات سے ہماری کیا مراد ہے؟

نفرت وحقارت کے اظہار کی تمام صورتوں کا شمارمجرمانہ جرائم میں نہیں ہوتابعض صورتوں کو ہم غیرمجرمانہ نفرت وحقارت کے واقعات بھی کہتے ہیں۔غیرمجرمانہ نفرت وحقارت کے واقعات میں جو چیزیں شامل ہوسکتی ہیں ان میں کم سطح پر امتیازی سلوک، دھمکانا، آن لائن بُرابھلا کہنا یا زبانی بُرابھلا کہنا شامل ہوسکتاہے۔ غیرمجرمانہ نفرت وحقارت کے جرائم کے بارے میں ہمیں مطلع کرنا بھی بہت ضروری ہے۔

اس حوالے سے اگر میرے پاس مطلوبہ ثبوت وشواہدموجود نہ ہوں تو؟

پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہمیں اطلاع فراہم کرنے کے لیے آپ کو مطلوبہ ثبوت وشواہد پیش کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔جب آپ اطلاع فراہم کرتے ہیں تو اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہے کہ آپ مزید اقدامات اٹھانے کےبھی پابند ہیں۔

- آپ جو کہیں گے ہم وہ سنیں گے
- ہم واقعہ کا ریکارڈرکھیں گے
- ہم ممکنہ اقدامات کے حوالے سے آپ سے بات چیت کریں گے اور کسی بہتر اقدام کے حوالے باہمی طور پر اتفاق کریں گے۔

نفرت وحقارت کی اطلاع کیوں دینی چاہیئے؟

جب آپ نفرت وحقارت کے جرم یا نفرت وحقارت کے واقعہ کی اطلاع دیتے ہیں تو اس ہمیں آپ کے ساتھ پیش آنے والے واقعہ کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے اور آپ کو بھی یہ سمجھنے میں مددملتی ہے کہ کس طرح کا ردِ عمل دینا چاہیئے۔اس سے ہمیں یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ اس طرح کے واقعات کہاں اور کتنے ہو رہے ہیں۔ اس طرح سے ہم پولیس کی جانب سے بہتر ردِ عمل دے کر لوگوں کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔

نفرت وحقارت کے جرم کو کھل کر سامنے لائیں - آج ہی اطلاع دیں #LetsStopHateTogether